بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اشارات

آج "شریعت بل" حکومت، وزراء، پارلیمنٹ اور مسلم لیگ کے نام سے پارلیمان میں جلوہ فرما ہونے والی پارٹی اور اپوزیشن گروپس کے ساتھ ساتھ پوری پاکستانی مسلم قوم اور خصوصاً اس کے علماء و مشائخ کے لیے وجۂ امتحان ہے اور ہر کسی کا قولی و عملی پارٹ اس کے نامۂ اعمال میں شوشہ بہ شوشہ درج ہو رہا ہے جس کا ہر کسی کو آخرت میں حساب دینا ہوگا۔

یہ نازک لمحہ جب کہ نظامِ اسلامی کے قیام اور شریعت کے نفاذ کی تحریک کے خلاف ملک کے مخالفِ دین، سیکولرسٹ، مفاد پرست اور غیر اسلامی نظریات کے مسحورین پورا زور لگا رہے ہیں کہ دینِ حق کو دستور و قانون کی قوت سے عملی نفاذ کا موقع نہ ملنے پائے۔ نیز بیرونِ ملک بھی سپر پاورز اور اسرائیل اور بھارت جیسے مخالفینِ نظامِ اسلامی مزاحمت کے لیے پورا زور لگا رہے ہیں۔

ہماری درخواست ہے کہ ساری بحثوں کو بالائے طاق رکھ کر خدا و مصطفیٰ کی تعلیمات کو غالب کرنے کا فیصلہ پورے اتحاد کے ساتھ کیا جائے اور جو میثاق خدا و خلق سے باندھا گیا تھا اُسے پورا کیا جائے۔